## سوال

(280) غروب آفتاب سے پہلے حیض کو محسوس کرے مگر خون جاری نہ ہو

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جب عورت حیض محسوس کرے اور غروب آفتاب سے پہلے خون جاری نہ ہو یا وہ اپنے معمول کے مطابق حیض کی درد محسوس کرے تو کیا اس دن کا اس کا روزہ درست ہوگا یا اس کو اس دن کی قضا دینا پڑے گی؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جب روزے دار پاک عورت غروب آفتاب سے پہلے حیض کے شروع ہونے کو محسوس کرے لیکن خون حیض غروب آفتاب کے بعد جاری ہو یا وہ حیض کے شروع ہونے کی درد محسوس کرے لیکن خون سورج کے غروب ہونے کے بعد جاری ہو تو اس دن کا روزہ صحیح ہوگا اور اگر وہ فرض روزہ ہے تو اس کا اعادہ لازم نہیں ہوگا اور اگر وہ نفلی روزہ ہے تو اس کا ثواب باطل نہیں ہوگا۔ (فضیلۃ الشیخ محمد بن صالح العثیمین رحمۃ اللہ علیہ)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

## عورتوں کے لیے صرف

## صفحہ نمبر 255

## محدث فتویٰ